© rasailojaraid.com



# جدید مطبوعاتِ ادارہ

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ نے اپنے نئے اشاعتی پروگرام کے مطابق مندرجہ ذیل کتابیں شائع کی ہیں:

## چند معاشی مسائل اور اسلام — از سید یعقوب شاہ

اسلامی ممالک صدیوں کی نیند کے بعد بیدار ہوئے ہیں، اور ایک نیا جذبۂ مسابقت انھیں ترقی یافتہ قوموں کی صف میں کھڑا کرنے کے لیے کارفرما ہے۔ چونکہ فقہ کے قدیم دفاتر بسا اوقات معاشرے کے نئے تقاضوں کا ساتھ نہیں دے سکتے۔ اس لیے بیشتر اسلامی ممالک میں احکامِ شرعی پر کم عمل درآمد ہوتا ہے اور یورپ کے دیوانی اور فوجداری قوانین پر زیادہ۔ اس صورتِ حالی کی اصلاح کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ مسلمان اپنی علمی میراث کا جائزہ قرآنِ حکیم کے ابدی اصولوں کی روشنی میں لے کر اپنی اجتہادی بصیرتوں کو پھر سے بروئے کار لائیں اور عصرِ حاضر کے مسائل پر قرآن و سنت کی روشنی میں غور کرکے ایک ایسی راہ اختیار کریں جو احکامِ اسلامی کے مطابق ہو اور دورِ جدید کے مسلم معاشرے کی ضروریات بخوبی پوری کر سکے۔ ادارے کی دوسری مطبوعات کی طرح اس کتاب میں بھی اسی مقصد کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ اس کے مصنف جناب سید یعقوب شاہ (سابق آڈیٹر جنرل پاکستان) مالیات کے بھی ماہر ہیں اور دینی علوم سے بھی شغف رکھتے ہیں اور اپنی اس تصنیف میں انھوں نے ربٰوا، زکوٰۃ اور بیمہ جیسے زندہ اور اہم معاشی مسائل پر اظہارِ خیال کیا ہے اور کتاب و سنت اور تاریخ، عمرانیات و اقتصادیات کا غائر مطالعہ کرنے کے بعد اپنے نتائجِ فکر بڑے شستہ اور سلیس انداز میں قلم بند کیے ہیں۔ قیمت: عام ایڈیشن -/۵ — اعلیٰ ایڈیشن ۶/۵۰

## حیاتِ محمدؐ — از محمد حسین ہیکل — مترجم: ابو یحییٰ امام خاں

مصر کے نامور ادیب اور محقق محمد حسین ہیکل گوناگوں خوبیوں کے مالک تھے وہ ایک بلند پایہ سیرت نگار بھی تھے اور یگانۂ روزگار ادیب بھی۔ وہ محقق و مورخ بھی تھے اور ماہرِ تعلیم بھی۔ "سیرت النبی محمدؐ" ان کی بہت مشہور تصنیف ہے جس کا ترجمہ "حیاتِ محمدؐ" کے نام سے ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ نے شائع کیا ہے۔ ہیکل کا طرزِ نگارش بہت سادہ و رنگین ہے۔ انھوں نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زندگی کے حالات نہایت موثر اور دل نشیں انداز میں لکھے ہیں اور حضورؐ کی حیاتِ طیبہ کے ان پہلوؤں کو خصوصیت سے اجاگر کیا ہے جن کا تعلق زندگی کے بنیادی حقائق اور اس دور کے اہم مسائل سے ہے اس کتاب کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں مستشرقین کے ان تمام اعتراضات کا نہایت مدلل اور شافی جواب دیا گیا ہے جو وہ اسلام اور پیغمبرِ اسلامؐ پر کرتے رہتے ہیں۔ ادارے کی طرف سے یہ کتاب نظرِ ثانی کے بعد دوبارہ شائع کی گئی ہے۔ قیمت: ۲۲/۵۰ روپے

رویتِ ہلال — از مولانا محمد جعفر پھلواروی

اسلام تفرقہ و انتشار کو ناپسند کرتا اور اتحاد و اجتماع پر بہت زور دیتا ہے۔ اس لیے رویتِ ہلال جیسے مسئلہ پر طوفانِ اختلاف برپا ہونا اور مسلمانوں کی اجتماعی تقریبات کے موقع پر اختلاف و انتشار پھیلانے کی کوشش کرنا نہایت غیر مستحسن فعل ہے۔ اس اختلاف کو دور کرنے کی غرض سے اس رسالے میں قرآن و حدیث اور فقہ اسلامی کی روشنی میں ان مسائل پر بحث کی گئی ہے جن کا تعلق رویتِ ہلال سے ہے، اور بڑے مدلل اور سنجیدہ انداز میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ فلکیاتی حساب سے طلوع و غروب کا علم ویسا ہی قابلِ اعتماد ہے جیسا کہ آنکھوں سے دیکھ کر معلوم کرنا۔ ایک ہی اسلامی ملک میں دو قمری تاریخوں کا وجود اسلامی روح اور وحدتِ امت کے منافی ہے۔ اور ہر اسلامی ملک میں اعلانِ ہلال کا فریضہ مسلمان حاکموں ہی کے سپرد رہا ہے۔ یہ اس موضوع پر اردو میں پہلی تصنیف اور ایک کامیاب دعوتِ فکر ہے۔

قیمت: ۱/۵۰ روپے

یہ کتابیں سیکریٹری ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور سے دستیاب ہوسکتی ہیں۔

© rasailojaraid.com